Charter Revision Commission

قرار داد نمبر 4

ابتدائی رپورٹ اور عملہ کی سفارشات کو تسلیم کرنے کے لیے چارٹر ریویژن کمیشن کی قرارداد۔

22 مئی، 2024 کو، نیویارک شہر کے میئر نے ریاست نیویارک کے میونسپل ہوم رول لا کے سیکشن 36(4) اور 36(6)(d) کے مطابق چارٹر ریویژن کمیشن قائم کیا ہے؛ اور

نیویارک شہر کے میئر نے میونسپل ہوم رول لا کے سیکشن 36(4) کے مطابق نیویارک سٹی چارٹر ریویژن کمیشن (مابعد مسمی بہ "کمیشن") میں خدمات انجام دینے کے لیے تیرہ افراد کو مقرر کیا ہے؛ اور

کمیشن کے عملہ نے 24 جون 2024 کو چارٹر ریویژن کمیشن کی ابتدائی رپورٹ جاری کی، جس میں عوام، شہری ایجنسی، اور سرکاری اہلکاروں سے کمیشن کو موصول ہونے والی گواہیوں کی بنیاد پر توجہ مرکوز کرکے شعبوں کی نشاندہی کی گئی ہے؛ اور

چارٹر ریویژن کمیشن کی ابتدائی رپورٹ میں کمیشن کو عوامی تحفظ، مالیاتی ذمہ داری، سرکاری ٹھیکے، اور حکومت کی جدید کاری سے متعلق عملہ کی سفارشات شامل ہیں؛ اور

کمیشن کی یہ قرارداد چارٹر ریویژن کمیشن کی ابتدائی رپورٹ کو کمیشن کے ذریعہ آج تک زیر غور لائی گئی معلومات کے مجموعہ کے طور پر قبول کرنے اور عملہ کی سفارشات کو اس وقت زیر غور لانے کے لیے کمیشن کے ارادے کو ظاہر کرتی ہے جب کمیشن حتمی تجاویز کا تعین کرے گا جن کو 5 نومبر 2025 کو ہونے والے عام انتخابات میں ووٹرز کے سامنے پیش کیا جانا ہے؛ اور

لہذا، اب یہ قرارداد پاس کی جاتی ہے کہ نیویارک سٹی چارٹر ریویژن کمیشن عملہ کو ہدایت دیتا ہے کہ وہ چارٹر ریویژن کمیشن کی ابتدائی رپورٹ میں شامل سفارشات کو زیر غور لانا جاری رکھے، اور اس کے علاوہ کمیونٹی بورڈز کی کارروائیوں کو تقویت دینے اور شہر کے کنٹریکٹنگ پروسس کو بہتر بنانے کے لیے تجاویز پر احتیاط سے غور کرے؛

اور مزید یہ قرار داد پاس کی جاتی ہے کہ انتخابی اصلاحات کے سلسلے میں کمیشن کے سامنے پیش کی گئی خاطر خواہ گواہیوں کی روشنی میں، نیویارک سٹی چارٹر ریویژن کمیشن عملہ کو ہدایت دیتا ہے کہ وہ کمیشن کی حتمی رپورٹ میں کمیشن کو پیش کی جانے والی انتخابی اصلاحات کی مختلف قسموں کو احتیاط سے زیر غور لائے، اس سفارش کے ساتھ کہ انتخابی اصلاحات پر مستقبل کے چارٹر ریویژن کمیشن کے ذریعے غور کیا جائے؛

اور مزید یہ قرار داد پاس کی جاتی ہے کہ کمیشن چارٹر کا مکمل طور پر اپنا جائزہ جاری رکھے گا اور عوامی سماعتوں میں، تحریری گواہی کے ذریعے، یا یہاں نامزد کردہ افراد سے باہر کے عملہ کے ذریعے اٹھائے گئے کسی بھی اضافی معاملے پر غور کرے گا اور نیویارک سٹی چارٹر ریویژن کمیشن عملہ کو ہدایت دیتا ہے کہ حتمی رپورٹ کی تیاری کے ضمن میں کمیشن کے ذریعہ غور کرنےکے لیے جمع کی گئی تمام اضافی معلومات کو مرتب کرے؛

اور مزید یہ قرار داد پاس کی جاتی ہے کہ نیو یارک سٹی چارٹر ریویژن کمیشن عملہ کو پیشگی احکام کے مطابق اور ایسی مزید ترامیم کے ساتھ حتمی رپورٹ اور بیلٹ سوالات اور خلاصہ تیار کرنے کی ہدایت دیتا ہے جو کمشنروں کو نوٹس دے کر چیئر کی جانب سے ضروری اور مناسب سمجھی جائیں، اور مزید بشرطیکہ مجموعی طور پر کمیشن کی

تجاویز کی عکاسی کرنے والی حتمی رپورٹ اور بیلٹ سوالات اور خلاصے 25 جولائی 2024 سے پہلے کمیشن کے اس بات پر غور کرنے کے لیے پیش کیے جانے چاہئیں کہ آیا اس طرح کی تجاویز کو 5 نومبر 2024 کو ہونے والے عام انتخابات میں ووٹرز کے سامنے پیش کیا جانا چاہئے۔

مؤرخہ: جون 26، 2024

حق میں 7، مخالفت میں 0، اور غیر حاضر 0 ووٹوں سے توثیق کی گئی ہے۔